جواہر منظوم
ترجمہ اردو
رباعیات سرمد
مرحوم
سنہ ۱۳۲۷ھ
جس کو منشی سید قربان علی صاحب بسمل مالک شاہجہانی پریس دہلی نے
جناب منشی سید نواب علی صاحب صولت لکھنوی (منشی فاضل) تلمیذ
حضرت ملک الکلام قوی امروہوی
نظم کرایا،
اور اپنے شاہجہانی پریس دار السلطنت دہلی میں چھپوا کر شائع کیا
قیمت غیر مجلد بارہ آنے
(بار چہارم)
قیمت مجلد ایک روپیہ چار آنہ

عطیہ ملک الکلام

جواہر منظوم یعنی ترجمہ رباعیات سرمد مرحوم (نور اللہ مرقدہ) کے متعلق
جناب استادی بلیغ الملک ملک الکلام حضرت قوی امروہوی مد ظلہ العالی نے جو گراں
اشعار نظم فرما کر مرحمت کیے ہیں ان کو طرۂ افتخار سمجھ کر آغاز کتاب میں درج کرنا میرا فرض
نیز میں اپنی اس ناچیز خدمت کو جو تصنیف ترجمہ کی صورت میں بجا لایا ہوں ادب
ساتھ انہی کے نام نامی کے ساتھ منسوب کرتا ہوں کیونکہ درحقیقت اس ترجمے کے اشعا
انہی کے قلزم فیض کے چند قطرے ہیں اور اس لیے امید ہے کہ شرف قبولیت سے مشرف ممتاز کیا

خادم آثم سید نواب علی صولت لکھنوی

نکتہ سنج و نکتہ پرور میر قربان علی — شاعر شیریں بیان قدردان اہل فن
صاحب علم و ہنر حامی اہل علم و فضل — مالک حلم و مروت حامل خلق حسن
تھا زبان فارسی میں جو کلام سرمدی — اسکو اردو میں کیا جلوہ طراز انجمن
منشی فاضل جناب صولت عالی دماغ — لکھنؤ کو ناز ہے اسپر کہ ہے انکا وطن
میرے مخلص مہرباں ہیں میرے تلمیذ عزیز — مجھسے بہتر مجھسے اچھی انکی ہو فکر سخن
ترجمہ ہر بیت سرمد کا کیا کیا خوب نظم — مرحبا اے فکر صولت حبذا زور سخن
ملک میں مقبول ہو ایسا ہی یہ در ترجمہ — اپنی آنکھوں میں جگہ دیں دلمیں رکھیں مرد و زن
ہو جناب ایسجل و صولت کی کوشش بارور — دین و دنیا میں جزا دے اے قوی رب زمن

by
Mr. Hamid Ali, I.C.S.

سوانح سرمد

(از حضرت مولانا ابوالکلام آزاد مدظلہ)

آں ناکہ غمِ تو برگزیدند ہمہ — در کوئے شہادت آرمیدند ہمہ
در معرکۂ دو کون فتح از عشق است — باآنکہ سپاہ او شہیدند ہمہ

عہدِ عالمگیری اور اس کے بعد جس قدر فارسی تذکرے لکھے گئے اُن میں بالعموم سرمد کے عنوان سے چند سطریں مل جاتی ہیں، لیکن اول تو قدیم تذکروں کے حالات اس قدر مختصر اور ناکافی ہوتے ہیں کہ اگر زندگی کی سرگزشت کا نام مختصر حالات جاننے کو تو شائق کے لیے پورا پتہ بھی نہ میسر آتا۔ اور پھر جو کچھ ہوں وقت یہ ہے کہ اس وقت سامنے نہیں ہیں۔ میں نے عہدِ عالمگیری کی تاریخوں کو دیکھا کہ شاید حوادث و واقعات کے ضمن میں کچھ حالات مل جائیں، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ عالمگیر نے اپنی تاریخ لکھنے کو روک دیا تھا۔ مرزا محمد کاظم نے عالمگیر کے حکم سے تمام سوانح و حالات بقید سنین بہ التزام قلمبند کرنے شروع کیے لیکن صرف ۱۰ سال ہی کے حالات لکھے تھے کہ حکماً یہ سلسلہ بند کر دیا گیا۔ اس کے بعد بادشاہ عالم کے عہد میں اپنے عنایت اللہ کو خیالِ تکمیل ہوا۔ اس کے اشارے سے مستعد خاں نے بقیہ ۴۰ سال کے سوانح قلمبند کیے اور ابتدائی دس سالہ مجموعہ کا انتخاب شامل کر کے مآثرِ عالمگیری نام رکھا۔ یہی سنہ ہے جس کے حالات کی ورق گردانی کی کہ شاید سرمد کی شہادت کا ذکر ہے، مگر حالات کا ملنا ایک طرف معلوم ہوتا ہے کہ پوری مستعدی کے ساتھ تاریخ کے صفحوں کو بچایا گیا ہے کہ اس شہیدِ عشق کے جامۂ خونچکاں کی قطرہ افشانی سے حاشیہ کہیں دھبے نہ پڑ جائیں۔ لطف یہ کہ یہی سال شاہ عباس ثانی اور حسین پاشا رومی (فرمانروا والی حجاز) کے سفراء آنے کے ذکر حالات کی سطریں صفحے کی انتہا تک پہنچ کر بھی آگے بڑھنے سے نہیں رکتیں، خیر یہ حالات بھی کچھ نہ کچھ اہمیت رکھتے تھے طرفہ یہ ہے کہ اسی سال افواجِ دہلی [illegible] چند لڑکے شاہ و [illegible] کی نقل کیا ہے [illegible]

کوتوال اور ایک مجرم بھی تھا، مصنوعی کوتوال نے غیظ و غضب میں آ کر مصنوعی مجرم کو اصلی سزا دے دی، نصف صفحے کے قریب اس حادثۂ عظیم اور داستانِ اہم کی نذر کیا گیا۔ مورخ کی نظر کا جب یہ حال ہو تو ظاہر ہے کہ ایسے قصوں کے ہجوم میں سرمد بیچارے کی نعش کیونکر نظر آتی۔

خافی خاں کی منتخب اللباب عہدِ مغلیہ کی مشہور ترین تاریخ ہے جس نے اورنگ زیب کے حالات اس تفصیل سے لکھے ہیں گویا صرف یہی زمانہ موضوعِ کتاب ہے، قیاس کہتا تھا کہ اس لئے یہ واقعہ نظر انداز نہ کر دیا ہوگا کیونکہ عالمگیری عہد کا قلم اس کے ہاتھ میں نہ تھا جسکو ہر قدم پر روک لیئے جانے کا اندیشہ ہوتا مگر جب اُسے کھولا تو ہزار صفحے کے سوانح میں ایک لفظ بھی سرمد کی نسبت نہ تھا۔ سچ یہ ہے کہ دُنیا کا سب سے بڑا ماہر مورخ کا قلم ہے آج کون کہہ سکتا ہے کہ اِس باگ میں کتنی گرہیں ڈال دی گئی تھیں۔

سرمد کی شہادت کا وہی سن ہے جس سن میں کوچ بہار اور آسام پر چڑھائی کی گئی اِس لئے دونوں تاریخوں نے اِس سال کے حالات کا نصف حصہ اسی فتحیابی کی داستان سرائی میں صرف کر دیا۔ فتح آسام کی اہمیت بیان میں شک نہیں مگر مستعد خاں کو کیا معلوم تھا کہ تماشا گاہ عالم میں ایسی آنکھیں بھی ہیں جو اس شادمانی فتح پر تو غلط انداز نظر نہ ڈالیں گی مگر اس غم اثر شکست پر ہمیشہ خونچکاں رہیں گی جو ایک مجنونِ لیلائے حقیقت کو دار پر کھینچکر معرکۂ حق پرستی میں عالمگیر کو نصیب ہوئی۔!

قصہ مختصر با ایں ہمہ دو کتابیں ایسی پیشِ نظر ہیں جن سے زیادہ تر معتبر راوی سرمد کے لیے نہیں ہو سکتے پہلا شخص شیر خاں لودھی (مصنفِ مرآۃ الخیال) ہے جو بغیر کسی واسطے کے عالمگیری عہد کے واقعات لکھتا ہے، کیونکہ اسی عہد کا تذکرہ نویس ہے، اس کا تذکرہ مرآۃ الخیال میرے پاس ہے دوسرا شخص علی قلیخاں داغستانی عہد محمد شاہ کے امرا میں سے ہے جس نے نہایت تفحص و احتیاط سے شعرائے فارسی کا تذکرہ ریاض الشعراء مرتب کیا۔ اس کا قلمی نسخہ معنف ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے کتب خانے میں موجود ہے اور زیادہ تر حالات میں نے اسی سے لیئے ہیں، یہ گو عہد محمد شاہ میں لکھا گیا ہے لیکن سرمد کے حالات کے لیئے ایک واسطے سے زیادہ دور نہیں۔ اِس کے علاوہ تمام تذکروں نے جو کچھ لکھا ہے، اُن میں کچھ نہ کچھ تو محفوظ ہے ایشیاٹک سوسائٹی میں ایک بیاض قلمی عہد عالمگیر ثانی

کہ کسی خوش مذاق شاعر سراج الدین کی جمع کی ہوئی ہے۔ اس میں کہیں کہیں حالات بھی دیے ہیں۔ چند
باتیں ساراستی جمع کی ہیں، غرضکہ گلدستہ تو بنا مگر چند پتوں اور پنکھڑیوں کو دامن میں لے لیا ہے
کہ مشہدِ سرمد میں جاؤں تو خالی ہاتھ کیا جاؤں۔

ابو الکلام

سرمد کی قومیت اور مذہب کو صاف نہیں بتلایا۔ مصنف مرآۃ الخیال کا بیان ہے کہ
"اصلش از فرنگستان و ارمنی بود"۔ مگر باقی تذکرے یہودی الاصل بتلاتے ہیں۔ والہ داغستانی
اس پر آشنا اور بڑھاتا ہے کہ وطن کاشان تھا۔ مگر یہ خیال باہم متناقض نہیں، کیونکہ ایران میں قدیم
آرمینوں کی وسیع آبادی موجود ہے جو بالعموم مسیحی اور بعض یہودی ہیں۔ اب تو انہوں نے یکسر یورپین
طرزِ معاشرت اختیار کرلی ہے اور تحصیل علوم جدیدہ میں تمام ایرانی جماعتوں سے پیشرو ہیں،
مگر ایک صدی پیشتر تک ان میں مذہب کے سوا کوئی بات مسلمانوں سے مختلف نہ تھی۔ ان میں سے بعض
اسلامی علوم و آداب کو اس حد تک حاصل کرتے تھے کہ مسلمانوں کی تعلیم یافتہ صحبت میں شریک
ہو سکتے تھے، چنانچہ تذکروں میں متعدد شعراء کے حالات ملتے ہیں جو ارمنی اور مسیحی تھے۔ مگر
ان کے اشعار ایران کے مسلمان خوشگو شعراء کے کلام سے کسی طرح کم نہیں۔ سرمد کا خاندان بھی
ارمنی اور یہودی ہوگا۔ کاشان میں متوطن ہوں گے۔ ارمنی ہونے کی وجہ سے لوگوں کو خیال
پیدا ہوا ہوگا کہ فرنگی ہے اور ایک باہر کے غیر معروف آدمی کی نسبت ایسا دھوکہ ہونا کچھ عجیب نہیں۔

آفتاب چمکتا ہے تو باغ و چمن کو نہیں ڈھونڈتا کہ اپنی کرنوں کا انہیں نشیمن بناؤں۔ اس کا
فیضانِ ضو بخشی مبدءِ فیاض کی طرح فیض عام ہے۔ محلسرائے شاہی کے کنگروں کے طلائی کلس
اگر اس کی ضو افشانی سے چمک اٹھتے ہیں تو کیا جنگل کے خشک درختوں کی شاخوں پر سنہری
رنگ نہیں چڑھ جاتا۔ میں کیا کہہ رہا ہوں؟ میرا مقصد نظام شمسی کے مرکز سے نہیں بلکہ آفتاب
اسلام سے ہے۔ بس اوقیانوس تجلی کی لہریں اٹھیں تو انہوں نے اپنے پہلے جسم و خون اور قوم کے
قائم کئے ہوئے امتیازات کو خس و خاشاک کی طرح بہا دیا۔ پھر سیرابی کا وقت آیا تو احرار قریش

اور ارقائے حبش، بلال و صہیب اور عرب دو فرنگ تاجدار و غستان و بادیہ نشین عرب، ادنیٰ و اعلیٰ نزدیک و دور سب کو یکساں طور پر مستفیض کیا۔ صرف صلاحیت اور اثر پذیری معیار فیض رسانی تھی، کہ ہر قوم اور ہر زمین بقدر صلاحیت حصہ یاب ہوئی۔ بوجہل قریشی تھا اور خدا اسکے پاس مگر بدبخت العمر محروم رہا۔ بلال حبشی، اور صہیب رومی تھا، پھر کس قدر دور۔ مگر ان کے دامن دیکھیے تو مالا مال تھے۔ ابر کرم کہاں نہیں برستا؟ مگر ہر زمین لالہ زار نہیں بنجاتی۔

توفیق باندازۂ ہمت ہے ازل سے آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا

یہ اسی فیاضانہ فیض بخشی کا نتیجہ تھا کہ عرب گو مبدا و منشاء اسلام تھا مگر اسکی کوئی خصوصیت نہیں رہی، نومسلم قومیں جو دور دراز ملکوں سے آتی تھیں ہر علم و فن میں اس طرح دست بہ علم ہوئیں کہ خود عرب کو ان کے لیئے اپنی صفیں توڑ دینی پڑیں، یہاں تک کہ آج تراجم و رجال کی کتابیں اٹھا کر دیکھتے ہیں تو کوئی علم و فن ایسا نظر نہیں آتا جس پر نومسلم قوموں کا تسلط نہ ہو حتیٰ کہ فقر و تصوف جس کی مذہب کے سائے میں پرورش ہوتی ہے اسکی تاریخ بھی نومسلم اشخاص کی خود فروشیوں کی منت پذیری سے آزاد نہیں، بات یہ ہے کہ خدا کی محبت کی طرح اسلام کی بلاغ فیض بخشی بھی اس طرح عام تھی کہ نسبت و قومیت اور رنگ خاندان سے بے پرواہ تھی۔

اس عام فیض بخشی کی ایک نمایاں نظیر سرمد کی سوانح عمری بھی ہے، وہ ایران کے کسی ارمنی خاندان سے تعلق رکھتا تھا اور مذہباً یہودی یا عیسائی تھا۔ آغاز عمر ہی میں فیضان الٰہی کی نظر انتخاب پڑی اور جذبۂ ہدایت کی کشش نے مشرف باسلام کیا۔

خاندانی نام کا پتہ نہیں چلتا اور نہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ قبول اسلام کے بعد کیا نام رکھا گیا عام طور پر صرف سرمد ہی کے لقب سے تذکروں میں ذکر کیا گیا ہے اور سچ یہ ہے کہ سرمد کا بے نام ہو جانا کچھ تعجب نہیں کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں جن کی شرع میں بے نام و نشانی تو رکن اولین بلکہ شرط ایمانی ہے

باوجودت زمن آواز نیامد کہ منم

لیکن بعض تذکروں میں "سعید" کے سرمد کے عنوان سے اس کے حالات درج کیئے گئے ہیں اس سے

قیاس ہوتا ہے کہ اسلامی نام کا ایک جزو شاید لفظ تمر ہوگا جو بعد میں تحقیق تخلص کیا گیا، مشہور تحصیل علمی کا حال معلوم نہیں، لیکن تذکرے متفق اللفظ ہیں کہ علم و فضل و عربیت میں درجہ کمال رکھتا تھا اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ تحصیل علمی اس زمانہ کے نصاب کے مطابق کامل ہوگی۔

ابتدائی پیشہ تجارت تھا۔ ایران سے تجارتی اموال لیکر ہندوستان کی جانب بڑھا کہ اس زمانہ میں علم و فن کی طرح جنس و متاع کی بھی نمایش گاہ ہندوستان تھا۔ مگر یہ جوان تاجر جو لے کر ہندوستان کی طرف قدم زن تھا نہیں جانتا تھا کہ وہاں پہنچکر کس تجارت میں اپنا تمام سرمایہ لگا دینا پڑے گا، وہ شاید ایرانی مصنوعات فروخت کرکے ہندوستان کی قیمتی اجناس اور مقصود عالم کانوں کے لعل و الماس خریدنا چاہتا تھا، لیکن اسے معلوم نہ تھا کہ قضا و قدر کا فیصلہ اس کے خلاف ہو چکا ہے، اب تجارت تو بہر صورت اسے آخر حیات تک کرنا پڑے گی۔ مگر زخارف مادے کی تجارت گاہوں میں نہیں بازار حسن و عشق میں جہاں سونے چاندی کی جگہ دل صد پارہ اور جگر صد زخم خوردہ کا سکہ رائج ہے۔ اور جہاں کی تجارت یہ ہے کہ صبر و شکیب ہوش و خرد دل و جگر دیکر ایک غلط انداز نظر ایک جبین بجبین تغافل پیشہ نگاہ خرید لیجیے کہ اس سہل قیمت پر یہ متاع بالکل مفت ہے۔

صد ملک دل بہ نیم نگہ می تواں خرید — خوباں دریں معاملہ تقصیر می کنند

اور صرف اتنا ہی نہیں کیونکہ یہ تو اس بازار کی نمایش اور سامنے کی چہل پہل ہے، اگر ہمت قدم آگے بڑھائے تو پھر وہ آخری سودا بھی کرنا پڑے گا جس کی قیمت فقط جان ہے۔ اور یہیں آ کبھی ہوتا ہے کہ حیات کا لبریز پیمانہ خون شہادت کے ایک لبریز جام سے بدل جاتا ہے ؎

دو عالم نقد جاں بیروں ستانند — بہ بازارے کہ سودائے تو باشد

اس زمانہ میں سیاح (ایرانی) عموماً سندھ ہوکر ہندوستان آتے تھے۔ سندھ کے شہروں میں ٹھٹھہ ایک مشہور شہر تھا جس کو اب تک جغرافیہ میں گمنامی کا خانہ نصیب ہوا ہے یہی ٹھٹھہ وہ

سینائے مقدس تھا جو سرمد کے لیے تجلی گاہ امین بنا۔ اور یہیں سے حسن نے اول اول اپنے چہرہ
سے نقاب الٹی۔ کہتے ہیں کہ ایک ہندو لڑکا تھا جس کی چشم کافر نے یہ افسوں طرازی کی
ایسا ہونا کچھ مستبعد نہیں، کیونکہ عشق خیز دلوں کو دو نیم کر سکتے ہیں بخیہ گری کی سوئی اور جلاد کی
تیغ دونوں برابر ہیں، یہاں تجارت میں خریدار کو تو بے پروا دیکھا مگر صاحب جنس کو غم منت
ہوتا ہے پھر جو لوگ کہ اپنے دلوں کو ہاتھوں پہ بطرز نذر رکھے ہوئے خریدار ڈھونڈھتے ہوں انہیں
حق ہے ہی نہیں کہ خریدار میں خاص اوصاف کے طالب ہوں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سادہ لوح
ایرانی تاجر بھی متاع دل کی کس مپرسی سے تنگ آگیا تھا، اور خود خریدار کو ڈھونڈھ
رہا تھا، جب خریدار مل گیا تو نظر اٹھا کے دیکھا نہیں کہ کون ہے اور کیا لیکے آیا ہے بس یہ غنیمت
سمجھا کہ دل جیسی متاع ارزاں کی ایک چشم سحر کار طالب ہے اور بلا تامل یہ سودا منظور کر لیا۔

دلال عشق بود خریدار جاں ستاں   خود را فروختیم چہ سودا بکار رسید

سرمد کو آئندہ جس صحرا میں بادیہ پیمائی کرنی تھی یہ اس کی طرف پہلا قدم تھا اور کچھ سرمد
ہی کی خصوصیت نہیں عشق خواہ کسی عنوان ہو، منزل حقیقت کا کیا ذکر عشق تو وہ دروازہ
ہے کہ جس سے گزرے بغیر انسان انسان نہیں ہو سکتا جس کے دل و جگر میں چوٹ نہیں اور آنکھ
تر ہی نہیں، اس کو معنی انسانیت سے کیا واسطہ؟ تم نے اکثر دیکھا ہوگا کہ زاہد معتکف بھی
باایں ہمہ تقشف جب اپنے زاویۂ عبادت میں سر بزانو ہوتا ہے تو حور و غلمان کی ہم آغوشی
سے لطف لیئے بغیر نہیں رہ سکتا یعنی جو خشک دماغ مسجد کے گوشوں اور حجروں میں دوست
کو ڈھونڈھتے ہیں انہیں بھی اس تصور کے بغیر چارہ نہیں۔

حور جنت جلوہ بر زاہد داد در راہ دوست
اندک اندک عشق در کار آورد بیگانہ را

یہی وجہ ہے کہ جو سودا زدگان حقیقت شاہد ازلی کے جانثار ہیں انہیں بھی عشق مجازی کے
کوچوں میں در و دیوار سے سر ٹکراتے دیکھا گیا ہے، کیونکہ دل جب تک لذت آشنائے

ورنہ ہو بہو فطرت کی ایک قاش ہے جس کو پانی پیتے دیکھا، مگر آگ میں جلتے ہوئے کبھی نظر نہ آئی۔
حالانکہ انسانیت کا مفہوم یکسر سوز و گداز ہے اور عشق کا کلیسا آتشکدہ ہے، یہاں وہی آتش
طلب قدم رکھ سکتے ہیں جو اپنے دلوں کو اس آتش کدہ پر نذر چڑھا دیں اور پھر دامن سے ہوا
دیتے جائیں، کہ کہیں شعلوں کی بھڑک کم نہ ہو جائے۔

افسردہ را نصیب نباشد دل کباب آں باید ایں نوالہ کہ مہمانِ آتش ست

عشقِ الٰہی کی پہلی شرط یہ ہے کہ ماسوا کی طرف سے آنکھیں بند کر لی جائیں مگر انسان آب و گِل کے
تعلقات میں اس طرح پابگل ہے کہ جب تک دل پر درد کی کوئی محکم چوٹ نہ لگے ادھر سے
ٹوٹ نہیں سکتا۔ مکھی جب شہد پر بیٹھ جاتی ہے تو جب تک اڑا دیجئے نہیں، نہیں اڑتی۔ انسان
کا دل جب تک چوٹ نہ کھائے دنیا کی لذتوں کو نہیں چھوڑتا۔ یہ چوٹ صرف عشق ہی کے
ہاتھوں لگ سکتی ہے۔ عشق ہی کا فرشتہ اپنے بازوؤں میں وہ مافوق الفطرت طاقت رکھتا ہے
کہ اس کی تیغ کا پہلا ہی وار خون کے تاروں سے بندھے ہوئے رشتوں اور دنیا کی دلفریبیوں کی
جکڑی ہوئی زنجیروں کو دو ٹکڑے کر دیتا ہے اور دل جب ہر قسم کی بندشوں سے آزاد ہو کر اپنے
آپ کو دیکھتا ہے تو حلقۂ ازل کے سوا اور کوئی بیڑی پاؤں میں نہیں ہوتی، اسی درد کے لیے
عارف عطار بیقرار و نغمہ سنا رہے کہ ؎

کفر کافر را و دیں دیندار را ذرۂ دردے دلِ عطار را

غور کرو جس مردہ دل کو کبھی یہ وقت خوش نصیب نہ ہوا کہ کسی بند نقاب کے ٹوٹنے کے تصور
میں اپنے خرمنِ ہوش و حواس پر بجلیاں گرائے اس کو شاہدِ حقیقت کا نظارہ حواسِ ظاہری سے
کب ہو سکتا ہے، جس افسردہ نفس نے اپنی عزیز اور شیریں راتیں کسی نرگسِ خواب آلود
کی یاد میں نہ کاٹی ہوں اسکو معشوقِ حقیقی کی یاد میں بے چین راتیں کب نصیب ہو سکتی ہیں
جس خیرہ و ملتمع نے اپنے سرمایۂ عشق و عجز و نیاز کو کسی مغرور ناز کی کج اداؤں اور بے نیازیوں
نثار نہ کر دیا ہو وہ خود پسندی اور وجود آرائی کے بت کیونکر توڑ سکتا ہے؟ جس جسم کو

اسی پیکرِ حسن کی صدائے شیریں نے مبہوت و لایعقل نہ کر دیا ہو اس کو ساز ازل کی نغمہ سرائی پر کیونکر وجد آسکے۔ غرضیکہ جس بدنصیب کو کسی مستِ حسن کی نگاہ نے مچا یا بیخود نہ کیا سکی اسے جلوۂ طور پر کیونکر غش آنے لگا۔ ؟ جو فتیلہ پہلے جل چکا ہو وہ فوراً آگ پکڑ لیتا ہے، لیکن نئے فتیلہ کو بہت دیر تک آگ دکھلانی پڑتی ہے ؎

محبت با دلِ نا دیدہ الفت بیشتر گیرد		چراغے راکہ دودے ہست سر زود تر گیرد

ناظرین اگر جویائے حسن ہیں تو روئے پنہاں کے نظارے کے کیونکر منتظر ہیں ؟ نہیں تو پردۂ نقاب کی زیبائی پر ہی لوٹ جانا چاہیئے۔ کنعان کی گم کردہ پیسر آنکھوں نے جلوۂ یوسفی کا انتظار نہیں کیا۔ پیراہن یوسفی کی بو پاتے ہی آنکھیں کھل گئیں انی لاجد ریح یوسف لولا ان تفندون یہی وجہ ہے کہ میخانۂ حقیقت میں جب مجلس گرم ہوتی ہے تو پہلے جام و مینا کا دور چلتا ہے، اور جب اس کے تلخ گھونٹ گوارا ہو جاتے ہیں تو پھر خود ساقی اپنے چہرے سے نقاب الٹ دیتا ہے کہ اب جام و سبو کی ضرورت نہیں آنکھ کے نشۂ خیز سے خود رفتگی و خود گزشتگی حاصل کیجئے۔

مے حاجت نیست مستیم را		در چشم تو تا خمار باشد

سرمد کے آگے بھی یہ جام رکھا گیا اور جام کی خوبی بہت کچھ جام پیش کرنے والے ہاتھ کی رعنائی پر منحصر ہے، اس لیے ہم اس ہندو لڑکے کو بھولنا نہیں چاہتے جس کی نگاہ لیلیٰ روش نے سرمد کو مجنوں بنایا۔ مگر افسوس کہ ہر عاشق قیس و فرہاد کی قسمت کو کہاں سے لائے سرمد کے لیلے کا زیادہ سے زیادہ حال جو معلوم ہوتا ہے یہی ہے کہ ایک ہندو لڑکا تھا اور غور کیجئے تو یہ بھی بہت ہے کیونکہ بازارِ عشق میں جب سودا چکایا جاتا ہے تو کب دیکھا جاتا ہے کہ خریدار کون ہے اور کیا قیمت مل رہی ہے ؟ ؎

مرا فروخت محبت ولے ندانستم		کہ مشتری چہ کس است و بہا چہ چیز است

ارباب تذکرہ اسمیں بھی ہم آہنگ نہیں کہ یہ واقعہ کہاں ہوا ؟ والہ داغستانی لکھتا ہے کہ سرمد بسودا

ہیں، اور آزاد بلگرامی نے اپنے کسی تذکرے میں عظیم آباد پٹنہ لکھا ہے لیکن ان سب میں مرآۃ الخیال قدیم العہد ہے اور اسکا بیان ہے کہ "در اثنائے تجارت بشہر ٹتہ افتاد و برہنہ و بسر عاشق گشت" اس لیئے ہمنے اس کو ترجیح دی ہے، بہرکیف بجلی کہیں گری ہو، دیکھنا یہ ہے کہ دہقان کے خرمن سوختہ کا کیا حال ہوا۔

عشق کی شورش انگیزیاں ہر جگہ یکساں ہیں، ہر عاشق گو قیس ہو مگر مجنون ضرور ہوتا ہے اور جب عشق آتا ہے تو عقل و حواس سے کہتا ہے کہ میرے لیے جگہ خالی کردو۔ سرمد پر بھی یہی حالت طاری ہوئی اور جذب و جنون اس طرح چھایا کہ ہوش و حواس کے ساتھ تمام مال و متاع تجارت بھی غارت کردیا۔ دنیوی تعلقات میں جسم پوشی کی بیڑی باقی رہ گئی تھی، بالآخر اس بوجھ سے بھی پاؤں ہلکا ہوگیا کہ پابندیاں تو مدعیان ہشیاری کے لیے ہیں مجنون لایعقل مرفوع القلم ہوتے ہیں۔

خطا بر دمِ دیوانہ کس نمے گیرد　　　　جنوں نداری و آشفتہ خطا اینجاست

بیاباں نوردی عالم عشق کی سیر و سیاحت ہے کہ اسی سے انسان کی عقل تجربہ کار پختہ ہوتی ہے "مجنون" جو صفت عشاق میں نمایاں نظر آتا ہے اسکی وجہ یہی ہے کہ صحرا گردی میں کوئی اس کا حریف نہیں، سرمد نے بھی مدتوں صحرا کی خاک چھانی سندھ کے ریگزاروں سے تلوے گرم کیئے ہندوستان کے گرم و سرد موسموں کو یکساں عریانی میں کاٹ دیا اور بالآخر جب یہ عقدہ کھلا کہ ؎

بیہودہ چرا در طلبش میگردی　　　　بنشیں۔ اگر او خداست خود می آید

تو پھر ایک مستقر کی تلاش ہوئی جہاں بیٹھکر عشق کے آخری امتحان کا انتظار کیا جائے لیکن جب نتیجہ یہی تھا تو پھر بیابان نوردی کیوں تھی؟ مگر میں خود کہہ چکا ہوں کہ یہ بھی عشق کے قانون کمال میں داخل ہے، اور عشق کے قانون میں ؎

یکے از دستگیری ہائے عشق است　　　　عزیزاں را بخواری بر کشیدن

یہ وہ زمانہ تھا کہ عنقریب بساط ہند پر عالمگیر ایک نئی چال چلنے والا تھا۔ شاہ جہانی حکومت کا عہد آخری اور شہزادہ داراشکوہ ولی عہد سلطنت تھا، سلسلۂ مغلیہ میں داراشکوہ ایک عجیب

شاید دارا شکوہ بھی عالمگیر جیسے ہوشیاروں کی ہوشیاری سے تنگ آ گیا تھا، اسی لیے اُس نے
سرمد جیسے مجانین کی صحبت کو ہوشمند العقول کی مجلس پر ترجیح دی۔

غرضیکہ سرمد دارا شکوہ کی صحبت میں رہنے لگا اور اُسے بھی سرمد سے کمال عقیدت تھی اُس کی
درونِ عشق کی سوزش انگیزیاں کبھی کبھی اسے باہر نکلنے پر مجبور کرتیں، لیکن چونکہ معلوم ہو چکا تھا
کہ آخری امتحان گاہ یہی ہے اِس لیے شاہجہاں آباد سے نکل نہیں سکتا تھا، یہاں تک کہ
شاہجہاں کی علالت اور دارا شکوہ کی نیابت نے عالمگیری ارادوں کے ظہور کا سامان کر دیا اور ایک عرصہ
کی شورش اور خونریزی کے بعد ۱۰۶۹ھ میں عالمگیر اورنگ نشینِ حکومت ہوا، یہ زمانہ دارا شکوہ کے
ساتھیوں اور ہمنشینوں کے لیے خود دارا شکوہ سے کم مصیبت انگیز نہ تھا، بہت سے لوگ تو
دارا شکوہ کے ساتھ نکل گئے اور جو رہ گئے اُنہوں نے اپنے آپ کو کشتی طوفان میں پایا لیکن اِس
رہینِ بے خبری کو اپنے استغراق میں اس کی فرصت کہاں ملتی تھی کہ نظر اٹھا کے دیکھے، اور اگر دیکھتا بھی
تو وہاں سے کیونکر نکلتا۔ کیونکہ با ایں ہمہ بے خبری اس سے بے خبر نہ تھا کہ اب تک جو کچھ ہوا ہے عشق کی ابتدائی
منزلیں تھیں آخری منزل طے کرنی باقی ہے اور وہ یہیں پیش آنے والی ہے۔

بیک دو زخم کہ خوردن ز عشق ایمن مباش — کہ در کمین گہ ابرو کمان کشش است ہنوز

سرمد کی شہادت کے اسباب تذکرہ نویسوں نے اکثر بتلائے ہیں۔ تذکرۃ الخیال میں ہے
کہ سرمد کی اِس رباعی پر جبہ پوشانِ شرع کے کان کھڑے ہوئے اور انہوں نے اسے کفر قرار دیا کہ
معراجِ جسمانی سے انکار لازم آتا ہے ؎

ہر کس کہ سرِ حقیقتش باور شد — او پہن تر از سپہر پہناور شد
ملا گوید کہ بر فلک شد احمد — سرمد گوید فلک بہ احمد در شد

مگر اس ترکِ سادہ کو فقیہانہ جنگ و جدل سے کیا سروکار تھا، اس نے نظر اٹھا کے دیکھا تک نہیں
کہ یہ کور بصر کیا شور و غوغا کر رہے ہیں؟ وہ تو اس عالم میں تھا جہاں ان اقرار و انکار کی گفتگو
کی آواز نہیں پہنچ سکتی ؎

در عجائب ہائے طور عشق حکمتہا کم است — عشق را با مصلحت اندیشی مجنوں چہ کار

لیکن اصل بات یہ ہے کہ عالمگیر کی نظروں میں تو سب سے بڑا جرم دارا شکوہ کی معیت تھی اور وہ
کسی نہ کسی بہانے قتل کرنا چاہتا تھا۔ ایشیا میں ہمیشہ سے پالیٹکس مذہب کی آڑ میں ہا ہے اور
ہزاروں خونریزیاں جو پولیٹکل اسباب سے ہوئی ہیں انہیں مذہب ہی کی چادر اڑھا کر چھپایا
گیا ہے، جب اور کوئی بہانہ نہ ملا تو عریانی و برہنگی کو کہ خلاف رسم شرع ہے بنیاد قرار دیا۔ اور
مذکورہ بالا رباعی سے نتیجہ نکالا کہ معراج جسمانی کا منکر ہے۔ ملا قوی اس زمانہ میں قاضی القضاۃ
تھے، عالمگیر نے انہیں سرمد کے پاس بھیجا کہ برہنگی کی وجہ دریافت کریں۔ ملا صاحب نے کہا
کہ با وجود علم و کمال و فضل برہنہ و مکشوف العورۃ رہنا کس عذر پر مبنی ہے۔ سرمد نے
کہا کیا کروں شیطان قوی ہے اور فی البدیہہ یہ رباعی پڑھی ؎

خوش بالائے کردہ چنیں پست مرا — چشمے بدو جام بردہ از دست مرا
او در بغل من است و من در طلبش — دزدے عجبے برہنہ کردہ است مرا

ملا صاحب بہم ہوئے اور برہم ہونے کی بات ہی تھی، کیونکہ اسلام کی توہین نہیں کی گئی مگر
خود ان کے وجود مسلام کی سخت اہانت ہوئی، یعنی اُن کا اسم سامی ابلیس لعین کا وصف
قرار پایا۔ بہر کیف انہوں نے عالمگیر سے آکر کہا کہ کفر کا کافی مواد ہاتھ آگیا ہے اور قلمدان کھولنا
چاہا کہ علما سے ظاہر کی تیغ خون آشام ابھی نیام میں رہتی ہے۔ لیکن عالمگیر کی عاقبت اندیشیوں
نے صرف اس بہانہ کو کافی نہ سمجھا۔ وہ خوب سمجھتا تھا کہ سرمد کوئی معمولی شخص نہیں ہے جس کا
قتل ایک عامۃ الورود واقعہ سمجھا جائے گا۔ علم و فضل کے لحاظ سے کوئی اُسکا ہمتا نہیں
اور رجوع خلائق کا یہ حال ہے کہ سارا شاہجہاں آباد اُس کا معتقد اور ہوا خواہ ہے اس لیے
جب تک کوئی بہانہ کافی ہاتھ نہ آئے اس ارادے کو ملتوی رکھنا چاہیئے۔

اسلام کے اس تیرہ سو برس کے عرصہ میں فقہا کا قلم ہمیشہ تیغ بے نیام رہا ہے اور ہزاروں
حق پرستوں کا خون ان کے فتووں کا دامنگیر ہے اسلام کی تاریخ کو خواہ کہیں سے پڑھو۔ مگر سرمد کی

مثالیں کہتی ہیں کہ جب بادشاہ خونریزی پر آمادہ تھا تو دارالافتاء کا قلم اور سپہ سالار کی تیغ دونوں یکساں طور پر کام دیتے تھے، صدوفیہ اور ارباب وطن پر منحصر نہیں، علما نے شریعت میں سے بھی جو نکتہ ہیں اسرار حقیقت کے قریب ہوئے قہتار کے ہاتھوں انہیں مصیبتیں اٹھانی پڑیں، اور بالآخر سرد بکر نجات پائی سرمد بھی اسی تیغ کا شہید ہے ؎

چوں می رود نظیری خونیں کفن بحشر　　خلقے فغاں کنند کہ این ام ادخواہ کیست

آخر الامر یہ قرار پایا کہ سرمد کو علماء و فضلائے عصر کے مجمع میں طلب کیا جاتے اور تمام علماء کی جو رائے قایم ہو اس کے مطابق فیصلہ کیا جائے چنانچہ مجلس منعقد ہوئی اور سرمد کو بلایا گیا سب سے پہلے خود عالمگیر مخاطب ہوا اور پوچھا کہ لوگ کہتے ہیں سرمد نے داراشکوہ کو مژدہ سلطنت دیا تھا کیا کہ یہ سچ ہے؟ سرمد نے کہا کہ ہاں اور وہ مژدہ درست نکلا کہ اسے ابدی سلطنت کی تاجپوشی نصیب ہوئی۔ عامہ بندوں نے کہا کہ برہنگی شرع کے خلاف ہے اور ہم اس کے لئے صاحب عقل و تمیز کا کوئی عذر مسموع نہیں اس کا جواب تو سرمد پہلے ہی دے چکا تھا ؎

وز دے عجیبے برہنہ کردہ است مرا

خلیفہ ابراہیم بدخشانی اواخر عہد عالمگیری میں ایک صاحب طریقت بزرگ گزرے ہیں۔ والہ داغستانی اُن بزرگ سے روایت کرتا ہے کہ جب مجمع علماء میں سرمد کو لباس پہننے کیلئے کہا گیا اور مسموع نہ ہوا تو بادشاہ نے علماء سے کہا کہ محض برہنگی وجہ قتل نہیں ہوسکتی ان سے کہا جائے کہ کلمہ طیبہ پڑھے اور یہ اس لیے کہا کہ بادشاہ سُن چکا تھا کہ سرمد کی عادات عجیبہ میں سے ایک عادت یہ بھی ہے کہ کلمہ طیب جب پڑھتا ہے تو لا الہ سے زیادہ نہیں کہتا۔ علماء نے سرمد سے کلمہ پڑھنے کی خواہش کی تو اپنی عادت کے بموجب صرف لا الہ پڑھا کہ جاء نفی ہے پھر علماء نے شور مچایا تو کہا ابھی تک میں نفی میں مستغرق ہوں مرتبہ اثبات تک نہیں پہنچا اگر لا الہ اللہ کہونگا تو جھوٹ ہوگا اور جو دل میں نہ ہو وہ زبان پر کیسے آسکتے؟ علماء نے کہا ایسا کہنا کفر صریح ہے، اگر توبہ نہ کرے تو مستحق قتل ہے، نیا ہر سرمد نہیں جانتے تھے کہ سرمد اس سے بہت اونچا ہے کہ کفر و ایمان کی بحثیں سنائی جائیں، وہ قتل خوشتا

کے ہنگام سے مرعوب ہو۔ یہ کفر ساز تو اپنے مدرسہ و مسجد کے صحن میں کھڑے ہو کر سوچتے تھے کہ اسکی کرسی کتنی اونچی ہے اور وہ اس منارۂ عشق پر تھا جہاں دیوار کعبہ اور مندر بالمقابل نظر آتے ہیں اور جہاں کفر و ایمان کے علم ایک ساتھ لہراتے ہیں ؎

کشورے ہست کہ در تو رود از کفر نشاں　　　ہمہ با گفت و شنود بر سر ایماں نہ رود

سرمد نے تو اپنی حالت بے کم و کاست بیان کر دی تھی ایمان بالغیب پر جو لوگ قانع نہیں ہوتے وہ اپنے اقرار کو مشاہدۂ عینی سے استوار کرنا چاہتے ہیں، اور شاہد حقیقت کی رونمائی تقاضۂ شہادت ہے جو ابھی سرمد کو نصیب نہیں ہوئی تھی، پس جس چیز کو دیکھا نہ تھا کیونکر کہتا کہ "ہے"۔ اس سلک کے چلنے والوں میں سب ہی کو اس منزل سے دوچار ہونا پڑتا ہے لیکن سرمد کا جرم یہ تھا کہ وہ جس جام کو چھپ کر پیتے ہیں سرمد نے علانیہ منہ سے لگایا اور درۂ محتسب کا مستحق ٹھہرا۔

خرقہ پوشاں ہمہ گرست گذشتند و گذشت　　　قصۂ ماست کہ در کوچہ و بازار بماند

اور بہ تعمق سے دیکھیے تو یہ اعلان ضروری تھا کیونکہ جب اس سفر کی آخری منزل شہادت ہی تو خواہ ناقہ کا رخ کسی طرف ہوتا دست کارفرما کا فرض تھا کہ اسی طرف پھیر دے۔

منصور را کہ رخصت اظہار دادہ اند　　　غیر از قصاص و محنت زنداں نبود و نظر

غرضکہ جب سرمد نے توبہ نہ کی تو علماء نے بلا تامل فتویٰ قتل صادر کیا اور دوسرے دن قتلگاہ میں لے گئے۔ یہ واقعہ سنہ ۱۰۷۲ھ میں ہوا کہ عالمگیر کی تخت نشینی کو ایک سال سے زیادہ زمانہ گزرا تھا

مو بمو ہم دوست شد تر سر کہ از استیلائے عشق　　　یک انا الحق گوئے دیگر بر سر دار آورد

جب سرمد کو شہادت گاہ میں لے چلے تمام شہر ٹوٹ پڑا اور اس قدر ہجوم تھا کہ رستہ چلنا دشوار ہو گیا تھا عشق کی نیرنگیوں کو کیا کہیے جہاں کا عام پسند تماشا خونریزی ہو اور جہاں قربانی سے بڑھ کر کوئی دل پسند کھیل نہیں، جب کوئی سر دادہ مرکب پر چڑھتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ دولہا کی سواری جا رہی ہے اور براتیوں کا ہجوم ہے کہ شانہ سے شانہ چھلتا ہے ؎

بجرم عشق توام میکشند غوغائیست　　　تو نیز بر سر بام آ کہ خوش تماشائیست

مگر یہ عشقِ مجازی تھا کہ سر بام آنے کی خواہش کی گئی ورنہ سرمد کو تو سر اٹھانے کی بھی ضرورت نہ تھی۔ جب جلاد تلوار چمکاتا ہوا آگے بڑھا تو مسکرا کر نظر ملائی اور کہا "فدائے تو شوم بیا بیا کہ تو بہر صورتے کہ می آئی من ترا خوب می شناسم"! صاحب مرآۃ الخیال راوی ہے کہ اس جملہ کے بعد یہ شعر پڑھا اور مردانہ وار سر تلوار کے نیچے رکھ کر جان دیدی ؎

شورے شد و از خواب عدم چشم کشودیم　　دیدیم کہ باقیست شب فتنہ غنودیم

صاحب مرآۃ الخیال کو عالمگیر کی خوشامد سے اتنی فرصت کہاں تھی کہ سرمد کی نعش خون آلود پر اشک افشانی کرتا لیکن ستم یہ ہے کہ اس سنگین دلی پر قانع نہ ہو کر چاہتا ہے کہ کسی طرح یہ خونریزی بھی عالمگیر کے دفتر مناقب و فضائل میں جگہ پائے حالانکہ اس دفتر کا تو پہلے ہی سے ہر صفحہ رنگین ہے، اسکو بھی عشق کی شیوہ گری سمجھیے کہ یہاں کی قربانیوں سے جن کے ہاتھ آلودہ خون ہوتے ہیں وہ مجرم و خونی ہونے کی جگہ تحسین و ثواب کا صلہ مانگتے ہیں، گویا میدانِ عشق بھی قربان گاہ بتاں ہے کہ جس قدر خون بہایئے عین ثواب ہے۔

یہ عجیب رسم دیکھی کہ بروز عید قرباں　　وہی ذبح بھی کرے ہے وہی لے ثواب الٹا

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ سرمد کی جہاں قبر سمجھی جاتی ہے یہ اس کا مدفن نہیں صرف مشہد ہے لیکن والہ داغستانی نے تصریح کر دی ہے کہ "در جنب مسجد جامع گردن اوراز دند و در ہمانجا دفن کردند"۔ یہ مقام موجودہ مزار کے سوا اور کونسا ہو سکتا ہے؟ پھر لکھتے ہیں کہ:-

"راقم الحروف بزیارت مزار وے مکرر مشرف شدہ ام در چہار فصل سبزہ از تربتش کم نمی شود و الحق فیض عجیبے در زیارت آں منصور ثانی است"۔ والہ داغستانی عہد محمد شاہی میں تھا اور اس کے تذکرہ کا سال تصنیف سنہ ۱۱۶۱ھ ہے لیکن آج بھی مشہد سرمد زیارتگاہ عوام و خاص ہے اور ہمیشہ فاتحہ کے ہاتھ اس کے آگے رو بآسمان رہتے ہیں۔

بر سر تربت ما چوں گذری ہمت خواہ　　کہ زیارت گہ رندان جہاں خواہد بود

خلیفہ ابراہیم بدخشانی راوی ہیں کہ سرمد نے زندگی میں کلمہ طیبہ لا الہ سے زیادہ نہیں پڑھا لیکن

جب شہادت پائی تو لوگوں نے سنا کہ سرِ کشتہ سے تین بار لا الہ الا اللہ کی صدا بلند ہوئی۔ اس کے علاوہ والہ داغستانی لکھتے ہیں کہ ایک ثقہ جماعت سے سنا گیا ہے کہ سرمد کا سرِ مقتول کلمہ طیبہ پڑھتا رہا اور اتنا ہی نہیں بلکہ کچھ دیر مصروف حمدِ الٰہی بھی رہا۔ موجودہ زمانہ میں ایسی روایتوں پر لوگ بمشکل یقین لائیں گے لیکن ہمیں تو یہ بیان پڑھکر تعجب نہ ہوا کیونکہ اگر خوش اعتقادی کے کان نہیں ہیں تو کیا حقیقت بینی کی آنکھوں سے بھی محروم ہونا چاہیئے۔؟ ہم نے بہار میں شگفتہ شاداب پھولوں اور خزاں میں افسردہ و خشک شاخوں کو باتیں کرتے دیکھا ہے پھر اگر ایک شہیدِ عشق کے سرِ مقتول کے لب ہلتے نظر آئیں تو کیوں تعجب ہے؟۔ ممکن ہے کہ سرمد کے بیجان سر سے زیادہ گذر کر ہمارے کانوں میں اب تک شہید سرمد سے صدائیں آرہی ہیں کہ

کس چہ داند در رہ ہائے عشق　　منت ایں مرگ بر جانِ من است

عالمگیر ۱۰۶۹ھ میں تخت نشین ہوا اور ایک ہی سال کے بعد سرمد کی شہادت کا واقعہ پیش آیا اس کے بعد ایک قرن سے زیادہ عرصہ تک حکومت کی۔ اکثر لوگوں کا خیال ہے

خونے کہ عشق ریزد ہرگز ہدر نباشد

یہ سرمد کے خون کی ہی نیرنگیاں تھیں کہ اس تمام مدت میں عالمگیر کو کبھی راحت و اطمینان کے دن نصیب نہ ہوئے۔ یہاں تک پیغامِ اجل بھی آیا تو عالمِ غربت و پریشانی میں۔ مگر سوانح نویس کے قلم سے ایسے جملہ نہیں نکل سکتے۔ خونِ رفتگانِ عشق جب اپنے قاتلوں سے گلہ مند جفا نہیں تو ہمیں کیا حق ہے کہ ان کی شکایت سے قلم آلودہ ہوں جب سرمد نے جلاد سے کہا "بہر صورتے کہ می آئی من ترا میشناسم" تو آج سے عالمگیر اور عالمگیری علماء سے کیا شکایت ہوگی

شد آ[illegible] ظہوری پر از محبت یار
برائے [illegible] اغیار در دلم جا نیست

رُباعیاتِ سرمد مترجم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از جرم فزوں یافتہ ام فضل ترا — ایں شد سبب معصیت بیش مرا

۱

ہرچند گنہ بیش کرم بیشتر است — دیدم ہمہ جا و آزمودم ہمہ را

ہر جرم سے پایا ہے سوا فضل ترا — باعث یہ فزونیٔ معاصی کا ہوا

افزوں ہیں اگر گنہ، کرم افزوں تر — ۱ — دیکھا ہر طرح خوب سب کو جانچا

از کار جہاں عقدہ کشودم ہمہ را — در محنت و اندوہ ربودم ہمہ را

۲

حق دانی و انصاف ندیدم ز کسے — دیدم ہمہ را و آزمودم ہمہ را

دنیا کا ہر ایک عقدہ میں نے کھولا — مشکل میں کسی نے ساتھ میرا نہ دیا

حق دانی و انصاف کو پایا نہ کہیں — ۲ — اچھی طرح سب کو آزمایا، دیکھا

در بادیۂ تجربہ یا رب ہمہ جا — افتاد سرو کار بہ زشت و زیبا

۳

غیر از تو کسے نہ گشت فریاد رسم — دیدم ہمہ را و آزمودم ہمہ را

میدان میں تجربے کے اے بار خدا — ہر اچھے برے سے کام پڑا اٹکا

کب تیرے سوا سنی کسی نے فریاد — ۳ — ہر ایک کو آزما کے دیکھا بھالا

از بادِ صبا خواست دلم بوئے ترا ... چشمم ز چمن جست گلِ روئے ترا
آخر نہ ازیں دو چار گشتے نازان ۸ ... اندیشہ نشان داد رہ کوئے ترا

دل چاہتا ہے صبا سے خوشبو تیری ... خواہاں ہے چمن میں آنکھ گلِ رُو تیری
لیکن نہ ہوا حصول کا بدل و چشم ۸ ... اندیشہ نے دکھلائی رہ کو تیری

کردی تو علم بدلربائی خود را ... ہم در فن و مہر آشنائی خود را
این دیدہ کہ بیناست تماشائی تست ۹ ... ہر لحظہ بصد رنگ نمائی خود را

کیا کیا نہ دکھائی دلربائی تو نے ... کیا کیا نہ جتائی آشنائی تو نے
ہر دیدۂ بینا ہے تماشائی ترا ۹ ... سو رنگ سے کی جلوہ نمائی تو نے

ہر جا کہ بیابی تو نشانے ز جفا ... یا مہر و محبت گل و بوئے ز وفا
از خلق و ز خلق خود ندانی ہرگز ۱۰ ... آں ہر دو بدست اوست گفتم بخدا

پایا نہ اگر تو نے کہیں نام جفا ... یا مہر و محبت و گل و بوئے وفا
کچھ سمجھا نہ رازِ خلقت و خلق کو تو ۱۰ ... یہ دونوں خدا کے ہاتھ میں ہیں بخدا

یا رب ز کرم ببخش تقصیر مرا ... مقبول بکن نالۂ شبگیر مرا
ما پُر گنہ و ما چرا الست عجیب ۱۱ ... لطف تو کند چارۂ تدبیر مرا

یا رب تو کرم سے بخش ہر جرم مرا ... ہر نالۂ شبگیر کی تاثیر دکھا
ہوں پُر ز خطا اور تعجب یہ ہے ۱۱ ... کام آتا ہے ہر دم کرم و لطف ترا

از صحبت ہمدماں بہ باغ و صحرا ذوق سخنے بود و ہوائے مینا
آخر سخنے ماند و عزیزاں رفتند ۱۲ مینائے فلک فگند اورا از پا

احباب سے تھی بہار باغ و صحرا ذوقِ سخن و اُلفتِ جام و مینا
آخر نہ رہے وہ دوست و رنگ سخن ۱۲ مینائے فلک نے جامِ ہستی اُلٹا

باز آ باز آ ز فکر باطل باز آ از وہم و خیال خام ایدل باز آ
خوش شو و مشو ز فکر دنیا ہرگز ۱۳ نہ وصل نماید و نہ وصل باز آ

مت کر مت کر تو فکر باطل باز آ ان خام خیالوں سے ایدل باز آ
فکر دنیا سے شادمانی کیسی؟ ۱۳ ہوگا نہ کبھی وصل نہ وصل باز آ

ہر کس ہست دریں بادیہ دنبال ترا انست آل کار از مال ترا
اول محنت آخرش حسرت ہست ۱۴ ایں مال کند ہمیشہ پامال ترا

اس دشت میں ہو رہا ہے کیا کچھ جنجال ہے دولت و مال و زر کا تیری یہ مآل
اول محنت ہے اور آخر حسرت ۱۴ یہ مال کرے گا تجھ کو ہر دم پامال

گہ مہر و وفا کند گہے ناز و جفا ہر لحظہ بصد رنگ نماید خود را
آں عشوہ گر کرشمہ گر آئینہ بکنار ۱۵ یک گام نگردد ز تو بیرون جدا

کرتا ہے کبھی مہر کبھی ناز و جفا کس طرح دکھاتا ہے وہ اپنا جلوہ
آئینہ نظر کو لے کے پہلو میں ۱۵ ہوتا کہ نہ تجھ سے پھر وہ دم بھر کو جدا

ای نفس ستمگار سراپا حسرت ۔ جز شکر نبرا نیست ہزاران نعمت

قانع نشدی گاہ گہی خورسند ۲۳ ۔ دنیا ہمہ بہر طول املت

اے نفس ستمگار سراپا حسرت ۔ جز شکر نہیں تیرے لیے کچھ نعمت

کی تو نے قناعت نہ ہوا تو خورسند ۲۳ ۔ اس طول امل کی نہیں دنیا میں سکت

سرمد ہمہ جا ہست جانش در دست کسیست ۔ تیر است و کمانش در دست کسیست

صید است کہ آدم شدہ از دام جہد ۲۵ ۔ گاہے شد و پیمانش در دست کسیست

سرمد ہی دل و جان کس ہاتھ میں ہے ۔ ہے تیر مگر کمان کس ہاتھ میں ہے

خواہش تھی کہ صد آدمیت سے چھوٹو ۲۵ ۔ اسکا تو کی پیمان کس ہاتھ میں ہے

این خرقہ پشمینہ کہ زنار در وست ۔ مکر است و ریا فتنہ بسیار در وست

پردہ پوشش مکش دست بکش تا بینی ۲۶ ۔ این بار ندامت کہ صد آزار در وست

یہ خرقہ کہ پردہ میں ہے جس کے زنار ۔ ہیں جس میں ریا فتنہ و مکر ہزار

کاندھے سے یہ ڈال تاکہ تجھ پر ٹوٹے ۲۶ ۔ وہ بار ندامت کہ ہیں جس میں آزار

ہر جا کہ گلی ز باغ خوش چمن است ۔ او سکن دل خوش است یا وطن است

گر یار دو پیرست گوئی حق است ۲۷ ۔ ورنہ زاہد شیخی یہ گوئی سخن است

جس جا ہو خوش ہے ساتھ و لطف چمن ۔ دل کا وہی مسکن ہے وہی اپنا وطن

گر یار دو پیرست تجھے تو سچا ۲۷ ۔ اور زاہد و شیخی ہیں تو ہیں بے جا سخن

دنیا طلباں را کہ غم دنیا را است — بے بہرہ ز شاں بیکسی بسیار است

۲۸

از عقرب و مار ہیچ اندیشہ مکن — زیں قوم حذر بکن کہ نیش و خار است

دنیا والوں کو ہے جو الفت کی دنیا — آپس میں نہیں رکھتے محبت زنہار

۲۸

ہے عقرب و مار سے عبث خوف تجھے — ان لوگوں سے ڈر کہ ہیں یہ نیش و خار

تا چند تو گوئی ز بادہ کہ بسیار نکوست — از خرقہ کشی خمار صد فتنہ دروست

۲۹

بے شبہ حلال است بگوئی تو حرام — کیفیت ایں ہر کہ بیابد ہمہ اوست

اے شیخ شراب پی کہ بہتر ہے یہی — خرقہ میں ہیں سو فتنے نہ کر خرقہ کشی

۲۹

کیوں کہتا ہے تو حلال نعمت کو حرام — آتا ہے جو کیف اس سے سب کچھ ہے وہی

ایام شباب شعر و انشا بہتر است — الفت بگل و ساقی و مینا بہتر است

۳۰

پیری چو رسید ترک دنیا بہتر است — ہر لحظہ خیال و فکر عقبیٰ بہتر است

ہے وقت شباب شعر و انشا بہتر — اور عشق مے و ساقی و مینا بہتر

۳۰

آتے ہی بڑھاپا ترک دنیا بہتر — ہر لحظہ خیال و فکر عقبیٰ بہتر

اندیشہ مال و جاہ دنیا غلط است — بے وہم و خیال فکر بیجا غلط است

۳۱

در خانہ تن وطن نہ باشد ہرگز — از بہر دو روز ایں تمنا غلط است

فکر و غم مال و جاہ دنیا ہے عبث — یہ وہم غلط ہے فکر بیجا ہے عبث

۳۱

یاں خانہ تن وطن نہیں ہے جاں کا — دو روز کے لیے یہ تمنا ہے عبث

دنیا ز ہوا و حرص بسیار پر است | ہر جا ست دلے در غم دنیار پر است

۳۲

بیمار بسے شربت دینار کم است | ایں خانہ ویرانہ ز بیمار پر است

ہے حرص و ہوا کی شے سے دنیا تنگ | دیکھو جسے رہتا ہے وہ فکر دینار

۳۲

بیمار بہت شربت دینار قلیل | ویرانہ دنیا ہے مقام بیمار

در عالم شوق قیل و قال دگر است | از طور سخن بیار حال دگر است

۳۳

سودازدۂ صورت معنی ہستم | فکرم دگر و راہ خیالم دگر است

ہے عالم شوق میں عجب قیل و قال | ہے یار کی باتوں سے دگرگوں احوال

۳۳

سودازدۂ صورت معنی ہوں میں | ہے فکر جدا میری نئی راہ خیال

ہر کس کہ ز حق توبہ کند نادان است | انسان نتوان گفت کہ حیوان است

۳۴

ایں سلسلہ جنبانِ غم جاناں است | ہر آتش افسردہ دلی ایمان است

توبہ جو کرے شراب سے ہے نادان | انسان نہ کہو اسکو کہو تم حیوان

۳۴

ہے سلسلہ جنبانِ غم جاناں ہے | ہر آتش افسردہ دلی ہے ایمان

آنرا کہ ہوس بیش بود ناکام است | ہر صبح کہ پیچ تاب رود در دام است

۳۵

ایں مال چہ از ملال بسیار و بال | ہر چند کم و بیش درو آرام است

جسمیں ہے ہوس زیادہ وہ ہے ناکام | دانہ کے لیے مرغ ہے وابستہ دام

۳۵

ہے مال و بال جس میں لاکھوں ہیں ملال | ملتا ہے مگر اس سے بہت کم آرام

هر کس که درین زمانه دارد وحشت　　باید که نگیرد ز کسی جز عبرت

۱۴۰

زآمیزش خلق کنج عزلت بگزین　　وز نیک و بد جهان طلب کن وحشت

جو شخص کہ اس جہاں میں ہے باہمت　　لازم ہے کسی سے کچھ نہ لے جز عبرت

۱۴۰

ہر وقت رہے سدا گوشۂ تنہائی میں　　ہر نیک و بد جہاں سے رکھے وحشت

نفعے بکسے اگر رسانی هنر است　　سود است درین و جستجو بیشتر است

۱۴۱

زین گوهر نایاب نگردی غافل　　این بحر پر آشوب جهان درگزر است

پہنچے جو کسی کو نفع تجھ سے کوئی　　ہے تیرے بڑے نفع کی بس تابی

۱۴۱

اس گوہر نایاب سے غافل مت ہو　　آشوب سے لبریز ہے بحر ہستی

آن شعله که یاقوت لب را رنگ است　　گوهر که محیط است شرر و سنگ است

۱۴۲

او در همه و زو است همه غافل خلق　　این معنی رنگین چه قدر بیرنگ است

یاقوت لب سرخ کا جو شعلہ ہے رنگ　　گوہر ہے محیط یا شرارہ ہے یا سنگ

۱۴۲

وہ چھپ رہا ہے اور ساری دنیا غافل　　یہ معنی رنگین ہے نہایت بیرنگ

دیدی که غم و عیش جهان زود گذشت　　چیزیکه در اندیشهٔ تو بود گذشت

۱۴۳

این یک دو نفس که ماند سرمایهٔ تو　　هشیار که نقصان نکنی سود گذشت

دیکھا کہ غم و عیش جہاں کچھ نہ رہا　　تھی فکر میں جسکی تری جان کچھ نہ رہا

۱۴۳

دو چار نفس جو اب ہیں سرمایہ ترا　　نقصان نہ کر نفع تو ہاں کچھ نہ رہا

دنیا نکنم طلب که کمتر ز خس است
بی دولتِ بیدار تو دین هم قفس است
۴۴
خواهانِ وصالم و همین است سخن
در خانه اگر کس است یک حرف بس است

دنیا نہیں چاہتا کہ کمتر ہے ز خس
بے دولتِ بیدار مجھے دین ہے قفس
۴۴
ہوں وصل کا خواستگار بس بات یہ ہے
ہو کوئی اگر گھر میں تو اک حرف ہے بس

هر نیک و بدی که هست در دستِ خداست
این معنی پیدا و نهان همه جاست
۴۵
باور نکنی گر و نگاه بنگر
این ضعفِ من و قوتِ شیطان ز کجاست

ہر نیک و بد جہاں کا مالک ہے خدا
اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا
۴۵
باور نہیں تجھکو تو ذرا غور سے دیکھ
کیوں قوتِ شیطان ہے کیوں ضعف مرا

سرمد که ز عشق سرمدی یافت
کز بادۂ عشق بیخودی یافت
۴۶
هشیار نشد ز تیغِ جلاد
منزل بمقامِ احمدی یافت

سرمد کو جو عشق سرمدی حاصل ہے
پی کر مے عشق بیخودی حاصل ہے
۴۶
جلاد کی تیغ سے جو غافل وہ رہا
منزل بمقامِ احمدی حاصل ہے

بی سرو قدی که رونمای یار است
بی سیمبری که زر ربای یار است
۴۷
آن یار گزین که هر چه خواهی بدهد
یاری که بکارِ تو بیاید یار است

جلوہ جو تجھے اپنا دکھائے ہے وہ دوست
زر جو ترے واسطے لٹائے ہے وہ دوست
۴۷
جو مانگے ادا بے عذر حوالہ کر دے
جو کام ترے وقت پہ آئے ہے وہ دوست

دل اگر دانا بود اندر کنارش یار ہست — چشم گر بینا بود ہر طرف دیدار ہست
۴۸ گوش اگر شنوا شود جز ذکر حق کو نشنود — ور زباں گویا بود در ہر سخن اسرار ہست

دل اگر دانا ہو تو پہلو میں ہر دم یار ہے — آنکھ بینا ہے تو ہر سو جلوۂ دلدار ہے
۴۸ گوش شنوا سن نہیں سکتا سوائے ذکر حق — ہے زباں گویا تو پھر ہر بات پر اسرار ہے

بتخانہ ہمیں دیر و حرم خانۂ اوست — ایں ارض و سما تمام کاشانۂ اوست
۴۹ عالم ہمہ دیوانۂ افسانۂ اوست — عاقل بود آں کسیکہ دیوانۂ اوست

کب اُس کا فقط کلیسہ و بتخانہ ہے — ہاں ارض و سما اُسی کا کاشانہ ہے
۴۹ کیونکہ ہمہ دیوانہ اُسی کا عالم — عاقل ہے وہی جو اُس کا دیوانہ ہے

صد شکر کہ دل از من خوشنود است — ہر دم بکرم و ہر نفس در جود است
۵۰ نقصان من از مہر و محبت نرسید — سودا کہ دلم کرد تمامش سود است

صد شکر مرا یار ہے مجھ سے خوشنود — ہر وقت کرم ہے ہر گھڑی بارش جود
۵۰ نقصان نہ کچھ مہر و محبت میں ہوا — سودا جو کیا دل نے سراپا ہے وہ سود

انساں کہ شکم سیری از یک نان است — از حرص و ہوا شام و سحر نالان است
۵۱ در بحر وجودش نگر طوفان است — آخر چو حباب یک نفس مہمان است

اک نان سے ہوتا ہے شکم سیر انساں — پر حرص و ہوا سے رات دن ہے نالاں
۵۱ دریائے وجود میں ہے طوفان مگر — ہے مثل حباب ایک دم کا مہماں

خواهی که کشی رنج و نباشی زحمت
از هر دو جهان کناره بگزین عزلت

۵۶

هر چند که سر ز رنج پیچی راحت نیست
گر هست همین است بدنیا راحت

خواہش ہے اگر کہ ہو نہ رنج و زحمت
بھاگ اس جہاں سے ڈھونڈھ کنج عزلت

۵۶

گوشے زمیں پہ نہیں راحت کا پتہ
لیکن ہے اگر تو بس یہی ہے راحت

این جسم لطیف قصر فنا بنیاد است
این شعله خس و رشته بر باد است

۵۷

از دام اجل ترا رهائی نبود
صیدی و سروکار تو با صیاد است

ہے جسم تو اقسام فنا کی بنیاد
اک پھونک میں یہ شعلۂ خس ہو برباد

۵۷

ممکن ہی نہیں اجل سے بچنا غافل
تو صید ہے رکھ دل میں ہوائے صیاد

از بهر دو روز فکر دنیا غلط است
دل بستن سبزه صحرا غلط است

۵۸

با نیم نفس هر نفس در گذری
این حرص و هوا و این تمنا غلط است

دو دن کیلئے یہ فکر دنیا ہے عبث
جنگل کی آبادی و صحرا ہے عبث

۵۸

ہر سانس ہے چل چلاؤ میں مثل نسیم
ہر حرص و ہوا و ہر تمنا ہے عبث

دنیا طلبان از پی راحت کاهست
تا آخر عمر فکر زر و دینار است

۵۹

این طایفه را خیال مردن نبود
پیوسته شکم سیم و زر بسیار است

دنیا طلبوں کو لطف سے کیا سروکار
ہے تا دم مرگ ان کو فکر دنیا

۵۹

ان لوگوں کو تا نہیں مرنے کا خیال
پیہم شکم سیم و زر ہے گردن کا ہار

از ہر وہم دنیا و ز دنیا وحشت ہر چند بگیری بکت آری راحت
ہنگام بہار وہم خزان شش پدم ۶۰ در باغ جہان نیست گلے جز عبرت

دکھ اہل جہاں سے اور جہاں سے وحشت گو ملتی ہو تجھ کو ان کو دم سے راحت
دیکھی ہے بہار بھی خزاں بھی لیکن ۶۰ اس باغ میں گل کوئی نہیں جز عبرت

ہر چند گل و خار درین باغ خوش است بے یار دل از باغ نہ از راغ خوش است
۶۱
چوں خون دلم لالہ ہمیں رنگ است این چشم و چراغ نیز با داغ خوش است

ہر چند ہوئے ہیں خار و گل زینت باغ بے یار نہ باغ دل کو بھاتا ہے نہ راغ
۶۱
ہم رنگ ہے لالہ مرے خون دل کا یہ چشم و چراغ باغ بھی ہے پر داغ

از حد و حساب کار عصیان بگزشت در توبہ و انفعال یاران بگزشت
۶۲
از شامت غفلت ہمہ سیم وصال عمرم ہمہ در دوری جانان بگزشت

عصیاں کی مرے نہ کوئی حد ہے نہ شمار اب توبہ و انفعال بھی ہے بے کار
غفلت سے نصیب وصل جاناں نہ ہوا ۶۲ سب عمر ہوئی صرف فراق دلدار

چندان فلک و ملک نعیم و زر است کہ وقت نماز ہم بفکر دگر است
۶۳
در وہم و خیال این و آن ششدر است از فکر مآل کار خود بے خبر است

اتنا دل ناداں کو غم نقرہ و زر ہے ہے وقت نماز بھی اسکو فکر دگر ہے
یہ فکر و غم وہم و خیال آٹھ پہر ہے ۶۳ انجام کی ہے فکر نہ عقبےٰ کی خبر ہے

سرمد اگرش وفاست خود می آید   گر آمدنش رواست خود می آید

بیہودہ چرا درپے او می گردی   ۶۲   بنشین اگر او خداست خود می آید

سرمد ہے اگر وفا تو خود آئے گا   آنا ہے اگر روا تو خود آئے گا

اس کے لیے کیوں پھرتا ہے مارا مارا   ۶۲   تو بیٹھ وہ ہے خدا تو خود آئے گا

ایام شباب زور شیطاں نرسید   بر دامن من غبار عصیاں نرسید

پیری چو رسید معصیت گشت جواں   ۶۳   دردے عجبے رسید و درماں نرسید

کام آیا جوانی میں نہ زور شیطاں   دامن نہ ہوا تر ز شراب عصیاں

پیری میں گناہوں پہ جوانی آئی   ۶۳   وہ درد ہے یہ نہیں ہے جس کا درماں

راضی دل دیوانہ بہ تقدیر نشد   فارغ ز خیال و فکر و تدبیر نشد

ایام شباب رفت و باقیست ہوس   ۶۴   ما پیر شدیم و آرزو پیر نشد

راضی بہ رضا کب دل دیوانہ ہوا   کب محو خیال فکر و تدبیر ہوا

باقی ہے ہوس اور جوانی گزری   ۶۴   حسرت ہے جواں اور میں پیر ہوا

یاراں چہ قدر راہ دو رنگی دارند   مصحف بہ بغل، دل بہ فرنگی دارند

پیوستہ ہمہ چو مہرہ ہائے شطرنج   ۶۵   در دل ہمہ فکر خانہ جنگی دارند

ہے یاروں میں کس قدر دو رنگی   قرآن بغل میں۔ دل فرنگی

شطرنج کے مہرے ہیں یہ گویا   ۶۵   رکھتے ہیں خیال خانہ جنگی

غمگین نشوی گر دلی از شست بدر جهد　　خوشنود مشو که پیش پیوست بدر نهد
گر شکر این دولت سرمد بکنی　۸۴　پیوسته بدر نهاد از پیش پیوسته بدر نهد

رنجیدہ ہو گر تجھے دل ریش دیا　　خوش کیوں نہ ہو بہت گر تجھ کو دیر دیا
اس دولت سرمد پہ ادا کر تو شکر　۸۴　جو کچھ کبھی دیا تجھ کو بہت بیش دیا

در دہر مثال غفلت نبود　　خواہش بتر از خواہش رفعت نبود
ہشیار دم پیری کہ در آخر وقت　۸۵　حاصل دگرت بجز ندامت نبود

دشمن ہے تری جہاں میں غفلت تیری　　اور سب سے بری خواہش رفعت تیری
ہشیار ہو ہشیار کہ وقت آخر　۸۵　رسوا نہ کرے تجھ کو ندامت تیری

ہر گلہ یار نکو شد کہ نشد　　لب بیہودہ گفتار نکو شد کہ نشد
منت کش دہر ہی شدی آخر کار　۸۶　کاری کہ ز تو کار نکو شد کہ نشد

کچھ یار کا شکوہ نہ ہوا خوب ہوا　　بیہودہ دہن وا نہ ہوا خوب ہوا
منت کش ہر کسی کو ہونا پڑتا　۸۶　جو کام کبھی ایسا نہ ہوا خوب ہوا

بنگر کہ عزیزان ہمہ در خاک شدند　　در صحبتم کہ فنا بر افلاک شدند
آخر ہمہ را خاک نشین باید شد　۸۷　گیرم کہ برفعت ہمہ افلاک شدند

کتنے ہی عزیز آخرش خاک ہوئے　　صہبا و اجل کے زیب فتراک ہوئے
ہوتا ہی پڑا خاک انہیں آخر کار　۸۷　مانا کہ وہ رفعت میں سہا افلاک ہوئے

این مردم دنیا همه بدخواه هم اند — یاران نکوکار چه بسیار کم اند
۱۰۰
خوشوقتی دل به بوالهوس بسیار است — آنها که عزیز اند گرفتار غم اند

بدخواہ ہیں سب اہل جہاں آپس میں باہم — ہیں نیک کبھی نیکو و نکو آدمی ہیں کم
۱۰۰
خوشوقتی دل بوالہوسوں سے ہے مگر — جو لوگ عزیز ہیں وہ ہیں بستۂ غم

ہر کس پئے نانے بجہان دوست بود — یک دوست ندیدیم ز جان دوست بود
۱۰۱
چون سگ ز پئے لقمہ بہر در بدوند — اینها که ز نام و نشان دوست بود

ہر شخص جہاں میں دوست ہے نان کا یہ — یکسر کو کبھی دیکھتے نہیں جان کا ہے
۱۰۱
در در پئے لقمہ پھرتے ہیں صورت سگ — یہ دوستی کا رنگ عجب شان کا ہے

طول امل عمر بآخر نرسید — دیوانہ دلم عاقبت کار ندید
۱۰۲
شبہا بخیال خواب غفلت بگذشت — اکنون چہ کنم کہ صبح صادق بدمید

طول امل عمر نہیں ہوتا تمام — دل کو نظر آتا نہیں اپنا انجام
۱۰۲
شبہائے شباب خواب غفلت میں کٹیں — ایسا کیا کروں میں ہوئی یہ سحر کا ہنگام

گاہے کہ دلم حساب کردار کند — چندین غم و اندوہ بخود یار کند
۱۰۳
بیش از نفسے ندیدم این کار کند — کاریکہ ندامت است پیدا نکند

دل کاش کبھی حساب کردار کرے — کچھ اپنے غم و شرم کا اظہار کرے
۱۰۳
دیکھا نہ کبھی کہ ہو ندامت جس سے — اس کام کے کرنے سے یہ انکار کرے

دل در پئے لیلیٰ حقیقت مجنوں شد — در راہ الم ہر چہ وطن بود ہامون شد

در پیری تو محبت ما گشت جوان ۱۰۴ — ہنگام خزاں جوش بہارا افزوں شد

اک لیلیٰ حضرت کیلئے دل ہو گیا مجنوں — غربت میں وطن میرے لیے بن گیا ہامون

پیری میں جوانی کی امنگیں ہیں پیدا ۱۰۴ — ہنگام خزاں جوش بہاراں افزوں

آنکس کہ ترا تاج جہانبانی داد — ما را ہمہ اسباب پریشانی داد

پوشاند لباس ہر کرا عیبے دید ۱۰۵ — بے عیباں را لباس عریانی داد

جسنے تجھے بخشا ہے یہ تاج جہانبانی — اس نے ہی دیا مجھکو سامان پریشانی

پہنایا لباس اسکو عیب جسے پایا ۱۰۵ — بے عیب جسے دیکھا بخشی اسے عریانی

جز بادۂ شوق دوست عشرت نبود — بے درد کسے نشہ وحدت نبود

میخانۂ عالم کہ پر از درد سرست ۱۰۶ — خالی ز خمار و رنج و محنت نبود

شراب عشق جاناں کے سوا کب ہے کوئی عشرت ۱۰۶ — نہیں بے درد کو حاصل نشۂ وحدت

پر ہے درد سر سے عالم ہستی کا میخانہ — بہت کچھ اس میں ہے رنج و خمار و درد و محنت

ابنائے زمانہ بیکار گر دل تنگ اند — پیوستہ بخود چو شیشہ و آہنگ اند

قانون وفا و مہر برداشتہ اند ۱۰۷ — واکم بخدا ہم آشتی در جنگ اند

آپس میں ہیں سب اہل زمانہ دلتنگ — ملتے ہیں مگر سب کا جدا ہے آہنگ

قانون وفا و مہر سے کام نہیں ۱۰۷ — ہیں صلح کے بدلے رات دن اہل جنگ

ہر کس بخیال او ہم آغوشش بود　　دیوانۂ تماشا ہمہ مدہوشش بود
کیفیت این نشہ بکس ظاہر نیست　۱۱۲　این بادہ نہان ہمیشہ در جوشش بود

جو اس کے خیال سے رہا ہم آغوش　　ہرگز نہیں دیوانہ وہی ہو ذی ہوش
اس نشہ میں جو کیفیت ہو تو کیا جانے　۱۱۲　کھاتی ہے یہ صہبائے نہاں ہر دم جوش

از منصب عشق سرفرازم کردند　　وز منت خلق بے نیازم کردند
چون شمع دریں بزم گدازم کردند　۱۱۳　از سوختگی محرم رازم کردند

یہ منصب عشق سے سرافراز ہوا　　دنیا سے غرض کیا ہے کہ ممتاز ہوا
اس بزم میں جوں شمع گدازی پا کر　۱۱۳　اتنا میں جلا کہ محرم راز ہوا

ہر چند کہ عصیان مرا مے دانند　　بر خوان کرم ہر لطفے می خوانند
در خوف و رجا بسے تأمل کردم　۱۱۴　بیش از ہمہ مائل بکرم می مانند

ہر چند کہ ہے میرے گناہوں کی خبر　　کیا پھیرتا ہے مجھ سے عنایت کی نظر
ہاں خوف و رجا میں غور میں نے کیا　۱۱۴　مائل بہ کرم ہی اسے پایا اکثر

بگذر ز خودی کہ دین فقیرت گردد　　ہر ذرۂ اقبال بپایت گردد
در ہر دو جہان سکہ بنامت شاید　۱۱۵　عالم ہمہ در زیر نگینت گردد

گر ترک خودی کہ اپنا دین ہو جائے　　ہر ذرۂ اقبال مطیع ہو جائے
سکہ ترے نام کا دو عالم میں چلے　۱۱۵　اور سارا جہاں زیر نگیں ہو جائے

یاران سخنے ہست اگر گوش کنید — تا دست رسد بساغرے نوش کنید

از پہلوئے جام جم بدولت برسید ۱۲۰ این حرف مبادا کہ فراموش کنید

اک میری نصیحت ہے سنو ہوش کرو — ہاتھ آئے تو جہاں تک تمہیں ہو نوش کرو

پائی ہے اسی جام سے دولت جم نے ۱۲۰ ایسا نہ ہو، یہ بات فراموش کرو

اہل دنیا ز خدا بے خبر اند — ہر شام و سحر در طلب سیم و زر اند

از پہلوئے ہیچ گرچہ کیسہ پر تر اند ۱۲۱ ہر چند کہ چون باد صبا در گذر اند

اہل دنیا ہیں خدا سے بے خبر — سیم و زر کی ہے طلب شام و سحر

رکھتے ہیں اپنی کیسہ کس قدر ۱۲۱ گرچہ ہیں مثل صبا بوقت سفر

یارب بکسے مرا رسائی نبود — امید وفا و آشنائی نبود

۱۲۲

در دائرہ تجربہ پابند شدم — غیر از در رحمت تو رہائی نبود

یارب نہیں کسی تک میری کہیں رسائی — رکھتا نہیں کسی سے امید آشنائی

زندان تجربہ میں ہوں میں اسیر ایسا ۱۲۲ رحمت نہ ہو جو تیری ممکن نہیں رہائی

ہر کس ز خدا دولت و دین می طلبد — یا سیمبرے ماہ جبین می طلبد

۱۲۳

بیچارہ دل من نہ آن و این می طلبد — خواہان وصال ست و ہمین می طلبد

ہر شخص خدا سے مال و دیں چاہتا ہے — یا اک صنم ماہ جبیں چاہتا ہے

دل کو مرے اس سے ہے نہ اس سے مطلب ۱۲۳ پہ وصل اسی کا ہمنشیں چاہتا ہے

ای زاہد خود فروش ہرگز مغرور — باید نشوی کہ تا نگردی رنجور
گویند ترا زاہد و ہستی فاسق — ۱۲۸ برعکس نہند نام زنگی کافور

اے زاہد خود فروش مت ہو مغرور — گرشے نہ ترا غرور تجھ کو رنجور
زاہد تجھے کہتے ہیں مگر فاسق ہے — ۱۲۸ برعکس رکھا ہے نام زنگی کافور

عصیان من و احسان تو باید شمار — بیحد و حساب کے بیاید بشمار
گر پیش خود این حساب صد سال کنم — ۱۲۹ لطف تو نہ جرم من آید بشمار

ہیں بے حد گنہ تیرا کرم حد سے سوا — ہو سکتا نہیں حساب بالکل ان کا
سو سال اگر شمار میں ان کا کروں — ۱۲۹ کچھ حد کرم ملے نہ کچھ حد خطا

از مردم دنیا بخدا گیر کنار — تا دل بکشد سوی راحت بکنار
۱۳۰
سررشتہ اختلاط از دست بدہ — سرمایۂ آرام و فراغت کف آر

ہے مردم دنیا سے جدائی بہتر — ہو وصل عروس عیش گر انظر
ہاں صحبت اختلاط ہرگز نہ رہے — ۱۳۰ گر اس سے آرام و فراغت بہتر

سررشتہ اختیار با یار گزار — خود را ز غم و محنت بیہودہ برآر
۱۳۱
این عمر گرامی کہ تماشی ہوس است — با یار بسر بغفلت مسپار

دے یار کو اختیار اپنا ہمدم — ہرگز نہ اٹھا رنج و ملال پیہم
یہ عمر گرامی کہ ہوس ہے بالکل — ۱۳۱ غفلت میں نہ کھو اسکو بسر کر پیہم

دل را بخیال یار خوش شو دیدار — سر رشتهٔ این دولت سرمد بکف آر
گنج است کہ رنجش نبود آخر کار — سوداست کہ سود بیش بود افزون شمار ۱۳۶

رکھ دل کو تو خوش کر کے خیالِ دلدار — یہ دولتِ سرمدی نہ کھونا زنہار
وہ گنج ہے یہ جسکا نتیجہ ہے خوشی — اس سودے کے سود کا نہیں کچھ بھی شمار ۱۳۶

یارب ز کرم مرا ز گرداب برآر — از بحر گناہ کشتیم کن بکنار
